
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 3 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 7 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

- کہانی کی پڑھائی سے پہلے بچوں سے چند سوالات زبانی پوچھیں۔

10 منٹ
- آپ میں سے کون کون سے بچے ایسے ہیں جنہیں جب کوئی کام کرنے کے لئے دیا جاتا ہے تو فوراً کر لیتے ہیں اور کون انھیں کرنا بھول جاتے ہیں۔
بچوں کو جوابات دینے کا موقع دیں کوشش کریں کلاس کا ہر بچہ اس بات چیت میں حصہ لے۔

10 منٹ
- ٹیچر کہانی تاثرات سے پڑھ کر سنائیں۔ کہانی کی پڑھائی مکمل ہونے کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ ان کی ثانیہ کے بارے میں کیا رائے ہے۔

- بچوں کو ان کے خیالات کے اظہار کا موقع دیں۔ اس موقع پر بچوں کو بتائیں کہ وہ لوگ جو اکثر کوئی کام کرنا بھول جاتے ہیں انہیں پیار سے ہم بھلکڑ کہتے ہیں۔

15 منٹ
- ٹیچر بچوں کے ساتھ مل کر بورڈ پر دن بھر میں کئے جانے والے ایسے کاموں کی فہرست بنائیں جنہیں وہ امی/ابو کے کہنے کے باوجود کرنا بھول جاتے ہیں۔ مثلاً
پانی کا گلاس جگہ پر رکھنا' کپڑے تہہ کرنا' کمرہ صاف کرنا' ہوم ورک کرنا' اسکول کا بیگ تیار کرنا وغیرہ
بچے یہ فہرست اپنی کوپیوں میں لکھ لیں۔

## گھر کا کام

10 منٹ
- کہانی پڑھیں۔ امی/ابو اکثر کونسے کام کرنا بھول جاتے ہیں۔ کوئی بھی ایسے پانچ کام لکھ کر لائیں۔

# سیشن 2

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • کلاس کے 8-6 بچوں سے کہیں کہ وہ گھر سے جو فہرست بنا کر لائے ہیں وہ سنائیں۔ |
| 10 منٹ | • کلاس کے چند بچوں سے بلند آواز میں کتاب کی پڑھائی کروائیں۔ |
| 10 منٹ | • کہانی کی پڑھائی کے بعد درج ذیل سوالات زبانی پوچھیں۔<br>1) آپا نے ثانیہ کو آواز کیوں لگائی۔<br>2) ثانیہ جب کمرے سے نکلی تو سب سے پہلے اس نے کیا گرایا۔<br>3) فرج سے سیب نکالتے ہوئے ثانیہ وہاں کیا بھول گئی۔<br>4) ثانیہ کس کے ساتھ کھیلنے لگی۔<br>5) ثانیہ نے جو چیزیں گرائیں تھیں۔ آپ کے خیال میں ان کے ساتھ کیا ہوا ہوگا۔ |
| 10 منٹ | • بچوں کو جوابات دینے کا موقع دیں۔ اس کے بعد ان سے کہیں کہ سوال نمبر پانچ کا جواب کوپی میں لکھیں۔ |

## گھر کا کام

| | |
|---|---|
| 5 منٹ | • صفحہ نمبر 2-1 سے املا کی تیاری کرکے آئیں۔ |

# سیشن 3

10 منٹ
- صفحہ نمبر 2-1 میں سے املا کرائیں۔

10 منٹ
- املا کی اصلاح کرائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

15 منٹ
- بچوں سے الفاظ کی ضد پوچھیں اور بورڈ پر الفاظ کی صحیح ضد لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان الفاظ کو اپنی کوپی میں لکھیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| گندے | اچھے |
| بیٹھنا | اٹھنا |
| آسمان | زمین |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| نیچے | اوپر |
| جلدی | دیر |
| دن | رات |

10 منٹ
- الفاظ ضد کی فہرست میں سے کسی پانچ الفاظ کے جملے بنائیں۔

# انار دانے

## سیشن 1

- کہانی پڑھنے سے پہلے بچوں سے چند سوالات زبانی پوچھیں۔

10 منٹ

- پھلوں میں آپ کو کون سا پھل پسند ہے۔
  - ہر بچے سے اس کے پسندیدہ پھل کا نام پوچھیں۔
  - بچوں سے پوچھیں کہ وہ کون کون سے پھل شوق سے کھاتے ہیں۔
  - لال رنگ کے پھلوں کے نام پوچھیں۔

10 منٹ

- ٹیچر کہانی تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔

15 منٹ

- کہانی کی پڑھائی مکمل ہونے کے بعد درج ذیل سوالات زبانی پوچھیں۔
  1) رانی کیوں رو رہی تھی۔
  2) رانی جب رو رہی تھی تو احمد کیا کر رہا تھا۔
  3) کسی کی چیز بغیر پوچھے لینا کیسی عادت ہے اچھی یا بری۔
  - بچوں کو خیالات کے اظہار کا موقع دیں۔ اس کے بعد ان سے کہیں کہ وہ اس بارے میں تین جملے لکھیں۔

### گھر کا کام

10 منٹ

- کہانی پڑھئے۔ کسی سادے کاغذ پر انار کی تصویر بنائیں اور اس کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔

# سیشن 2

## تیاری

- ٹیچر چارٹ پیپر کی مدد سے ایک بڑی سی انار کی تصویر بنائیں۔ یا اصلی انار اسکول لے آئیں۔
- کلاس کے کسی ایک بچے سے کہیں کہ وہ انار کی تصویر پکڑے۔ بچے گھر سے جو جملے انار کے بارے میں لکھ کر لائے تھے کلاس کے 8-6 بچے وہ جملے پڑھ کر سنائیں۔ 10 منٹ
- مندرجہ بالا کام مکمل ہونے کے بعد ٹیچر نے انار کی جو تصویر بنائی تھی اسے کلاس میں لگائیں اور اس کے اوپر بچوں کے لائے ہوئے کام کا ڈسپلے کریں۔ 10 منٹ
- کلاس کے 8-6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کرائیں کہانی کی پڑھائی کے بعد ٹیچر بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ 10 منٹ
- بچوں کی مدد سے ایک کالم میں بیج والے پھل اور دوسرے کالم میں گٹھلی والے پھلوں کے نام لکھیں۔ 15 منٹ

| بیج والے پھل | گٹھلی والے پھل |
|---|---|
| کینو | آلو بخارہ |
| مالٹا | آم |
| تربوز | خوبانی |
| خربوزہ | بیر |

# آلو چھولے

## سیشن 1

10 منٹ
- نظم پڑھنے سے پہلے بچوں سے مختلف سوالات کریں۔

1) آپ کو کھانے میں کیا پسند ہے۔
2) جو چیزیں آپ باہر سے خرید کر کھاتے ہیں ان کے نام بتائیں۔
3) آپ کی گلی میں ٹھیلے والے کیا کیا چیزیں بیچتے ہیں۔
4) چاٹ میں کیا کیا چیزیں شامل ہوتی ہیں۔
5) چاٹ کتنی قسم کی ہوتی ہیں۔

10 منٹ
- ٹیچر نظم تاثرات کے ساتھ پڑھیں اور پھر بچوں سے انفرادی طور پر پڑھوائیں۔

20 منٹ
- ٹھیلوں پر فروخت کی جانے والی کھانے کی ایسی چیزوں کی فہرست بنائیں جنھیں آپ شوق سے کھاتے ہیں۔

### نوٹ

کلاس کو دو گروپس میں بانٹ لیں ایک گروپ سے ابلے ہوئے چنے اور ایک گروپ سے ابلے ہوئے آلو منگوائیں۔

5 منٹ

### گھر کا کام

- ابلے ہوئے چنے / ابلے ہوئے آلو اگلے سیشن کے لئے لائیں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

چٹنی، چاٹ مصالحہ، چمچوں، پلیٹوں اور ایک بڑی دیگچی (جس میں چاٹ بنائی جائے) کا انتظام کریں۔

## سیشن 2

| | |
|---|---|
| 30 منٹ | • ٹیچر بچوں کی مدد سے آلو چھولے کی چاٹ تیار کریں صفائی کا خیال رکھیں۔<br>بچوں کو چاٹ کھانے کو دیں چاٹ کھاتے ہوئے بچوں کو کھانا کھانے کے آداب بھی بتائیں۔ |
| 10 منٹ | • بچوں کی مدد سے آلو چھولے کی چاٹ کی ترکیب بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کوپی میں لکھنے کو کہیں۔ |

### گھر کا کام

| | |
|---|---|
| 5 منٹ | • اسکول میں چاٹ بنانے کی ترکیب امی کو پڑھ کر سنائیں۔ |

# گندے کپڑے

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk